| Narration | Time |
|---|---|
| Creating New Content Types پراسپوکن ٹیوٹوریل میں خوش آمدید. | 00:01 |
| اس ٹیوٹوریل میں ہم سیکھیں گے<br>نیا Content type بنانا اور<br>Content type میں fields کو جوڑنا | 00:06 |
| اس ٹیوٹورل کو ریکارڈ کرنے کے لئے میں<br>Ubuntu Operating System<br>Drupal 8<br>اور Firefox ویب براؤزر استعمال کرر ہا ہوں .<br>آپ اپنی پسند کا کوئی بھی ویب براؤزر استعمال کر سکتے ہیں. | 00:15 |
| اپنی ویب سائٹ کو کھولیں، جسے ہم نے پہلے بنایا تھا | 00:29 |
| ہم جانتے ہیں کہ built-in Content types. کیا ہے . کچھ اپنی مرضی کے Content types کو بناتے ہیں. | 00:34 |
| Content type کا تعارف یاد کریں. | 00:41 |
| ہم نے body میں سب کچھ شامل نہ کرنا سیکھا تھا. | 00:45 |
| اب ہم سیکھیں گے کہ اپنی مرضی کا یعنی Custom Content type کو کیسے بنانا ہے. | 00:49 |
| ہم ایک Events Content type بنائیں گے جو کہ دنیا کے تمام Drupal اِوینٹس ٹریک کرے گا. | 00:55 |
| سب سے پہلے ہم، کاغذ پر بناتے ہیں کہ اس Content type کے لئے ہمیں کن fields کو کیپچور (capture) کرنے کی ضرورت ہے. | 01:02 |
| یہ Drupal میں بنانے سے پہلے، تمام نئے Content types کے لئے یہ ایک بہت ہی اچھا عمل ہے. | 01:09 |
| Field Type،Field Name،اور Purpose کے لئے کالمس کے ساتھ ٹیبل بنائیں. | 01:16 |
| تمام Drupal nodes کے Title اور Body فیلڈس ہیں جو ڈیفالٹ طور پر ڈِفائنڈ یعنی وضاحت شدہ ہیں. | 01:23 |
| Event Name اس تقریب کو منفرد طور پر شناخت کے لئے Title فیلڈ ہوسکتا ہے. | 01:29 |
| Event Description کچھ پلین ٹیکسٹ کی تفصیلات کو فراہم کرنے کے لئے Body فیلڈ ہوسکتا ہے. | 01:36 |

| | |
|---|---|
| 01:43 | ایک Event Logo، کسی اِوینٹ یعنی تقریب کے کسی مخصوص لوگو کو ظاہر کرنے کے لئے ایک Image ہے. |
| 01:50 | ہمیں Date ٹائپ کے Event Date کی ضرورت ہے جو تقریب کے شروع ہونے کی اور اختتام کی تاریخ کی عکاسی کرتا ہے. |
| 01:58 | تقریب کی ایک مختلف Event Website ہو سکتی ہے جو اس Content type میں ظاہر کئے جانے والا URL لنک ہے. |
| 02:07 | ہم اس ٹیوٹوریل میں صرف ان پانچ فیلڈس کو دیکھیں گے . بعد میں ہم ان دو فیلڈس کے بارے میں سیکھیں گے. |
| 02:17 | ہر تقریب ایک User Group کی طرف سے سپانسر کیا جائے گا۔ User Group دوسرا Content type ہے جسے ہم اگلے ٹیوٹوریل میں بنائیں گے. |
| 02:27 | دو مختلف content types کے دو nodes، Entity Reference field کا استعمال کرتے ہوئے drupal میں لِنک کئے جاتے ہیں. |
| 02:35 | ایک Event Topic Taxonomy field ہے، جس کا استعمال مختلف keywords کے تحت اِوینٹس کو کیٹگرائز یعنی درجہ بندی کرنے کے لئے کیا جاتا ہے. |
| 02:44 | اب Structure پر کلک کریں اور پھر Content types پر کلک کریں. |
| 02:50 | یہ ہمارے دو بنیادی Content types. ہیں. |
| 02:53 | نیلے رنگ کے Add content type بٹن پر کلک کریں. |
| 02:57 | ہم اپنے نئے Content type کو Events کے طور پر ظاہر کریں گے |
| 03:02 | اور Description میں، ہم ٹائپ کریں گے This is where we track all the Drupal events from around the world . |
| 03:11 | آپ اپنے پسند کا یہاں کچھ بھی ٹائپ کر سکتے ہیں. |
| 03:15 | یہ Description Content type پیج میں ظاہر ہوگا. |
| 03:20 | آپ دیکھیں گے کہ Drupal اس کو Machine name دیتا ہے . یہاں ہم دیکھ سکتے ہیں کہ اس کا نام events ہے. |
| 03:28 | Machine name بنیادی طور پر ڈیٹابیس میں ٹیبل کا نام ہے، جسے Drupal، کنٹینٹ کو تفویض کرتا ہے. |
| 03:36 | Submission form settings میں، Title کی جگہ پر Event Name لکھیں. |

| | |
|---|---|
| 03:43 | Publishing options میں، Create new revision پر چیک مارک کریں. |
| 03:49 | یعنی ہر بار جب node ایڈٹ کیا جاتا ہے، تو ایک نیا ورژن بنایا جائے گا. |
| 03:55 | دیگر سیٹنگس کو چھوڑ دیں، جیسے وہ ہیں۔ Display author and date information کو آف کر دیں. |
| 04:02 | یہ اس کے لئے اہم نہیں ہے . یہاں کچھ ہے جس کی ہر Content type کے لئے صلاح دی جاتی ہے. |
| 04:09 | Menu settings پر کلک کریں۔ Available menus کے نیچے، تمام چیکڈ مینیوز کو ان چیک کریں. |
| 04:17 | یہ content editor کو ہمارے menu structure میں ہزار ہا اِوینٹس کو شامل کرنے سے روکے گا. |
| 04:24 | یہ اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ، دیگر کو ہمارے مینیو آئٹمس میں اِوینٹس شامل کرنے کی اجازت نہیں ہے. |
| 04:31 | اگر ہم بعد میں event کو جوڑنا چاہتے ہوں تو، ہم خود ہی اسے کر سکتے ہیں. |
| 04:37 | Save and manage fields. پر کلک کریں. |
| 04:40 | ایک بار جب ہمارا Events Content type سیو ہو جاتا ہے، تو ہمیں Body فیلڈ نظر آئے گا. |
| 04:45 | دائیں طرف Edit پر کلک کریں . اور Label کے مقام پر Event Description لکھیں. |
| 04:55 | نیچے Save settings بٹن پر کلک کریں. |
| 04:59 | ہم نے Drupal میں اپنا پہلا Custom Content type بنا دیا ہے. |
| 05:04 | اس وقت یہ بہت محدود ہے . بنیادی طور پر Title اور Body جو کہ basic page کی طرح ہے. |
| 05:13 | ہم اپنے کاغذ پر بنے ڈیزائن کی بنیاد پر اور بہت فیلڈس جوڑینگے اور اسے بہت ہی مفید بنائیں گے. |
| 05:23 | اوپر Add field بٹن پر کلک کریں. |
| 05:27 | Select a field type ڈراپ ڈاؤن میں، Image منتخب کریں۔ Label field میں Event Logo ٹائپ کریں. |
| 05:36 | Save and continue. پر کلک کریں. |
| 05:39 | اگر ہم چاہیں تو Choose file بٹن پر کلک کر کے، یہاں ڈیفالٹ امیج اپ لوڈ کر سکتے ہیں. |
| 05:48 | اگر ہم چاہیں تو ڈیفالٹ Alternative text جوڑ سکتے ہیں. |
| 05:54 | ہم ہر event کے لئے ایک logo رکھیں گے۔ Save field settings پر کلک کریں. |
| 06:02 | اب، ہمیں Event logo field کے لئے تمام سیٹنگس کو مقرر کرنا ہے. |
| 06:07 | ان میں سے زیادہ تر متعلقہ ہیں اور field type پر مبنی ہیں. |

| | |
|---|---|
| 06:11 | ہم اپنے content editors کے لئے یہاں کچھ help text یا کچھ instructions جوڑ سکتے ہیں. |
| 06:18 | ہم Required field باکس کو بھی چیک کرسکتے ہیں .جس کا مطلب ہے کہ content item یا node سیو نہیں کیا جا سکتا ہو جب تک کہ ایک event logo شامل نہ کیا جائے |
| 06:30 | ہم فائل ایکسٹینشن کو تبدیل کر سکتے ہیں،جن کی یہاں اجازت ہے .یہاں bitmap شامل کرنے کی صلاح نہیں دی جاتی ہے |
| 06:38 | file directory ڈیفالٹ طور پر year اور month میں بھری جاتی ہے .لیکن ہم اسے تبدیل کر سکتے ہیں،اگر ضرورت ہو. |
| 06:47 | مثال کے طور پر،آپ کے پاس امیج کے ساتھ بہت سے Content types ہیں. |
| 06:53 | پھر،آپ prefix events جوڑ سکتے ہیں،تا کہ 'Events Content type' کی تمام امیجیس ایک فائل ڈاریکٹری میں ہو. |
| 07:04 | Drupal ہمیں اسے اپنے مطابق نام دینے کی اجازت دیتا ہے .لیکن اس کے ساتھ ہوشیار رہنا ہوگا کیونکہ ہم اسے بعد میں آسانی سے تبدیل نہیں کر سکتے. |
| 07:14 | ہم Maximum اور Minimum image resolution اور Maximum upload size کو بھی مقرر کر سکتے ہیں. |
| 07:21 | اس میں تبدیلی کرنے سے پہلے احتیاط سے سوچیں .تصور کریں کہ آپ 2 یا 3 میگا پکسل کی امیج اپ لوڈ کر رہے ہیں. |
| 07:28 | آپ اپنے wysiwyg ایڈیٹر کا استعمال کریں .اسے کچھ سو پکسلز تک سکیڑیں |
| 07:35 | Drupal اب بھی 2 میگا پکسیل امیج لوڈ کر رہا ہے جو اچھی بات نہیں ہے. |
| 07:41 | یہ موبائل استعمال کرتے وقت اور بُرا ہو سکتا ہے۔اگر ڈیٹا پلان سے آپنے اُنکو 2 میگا بائٹ ڈاؤن لوڈ کروا دیا ہو جسے ڈاؤن لوڈ کرنے کی ضرورت نہیں تھی. |
| 07:51 | یقینی بنائیں،امیج اپ لوڈ کرنے سے پہلے ہم نے انہیں ٹھیک طرح سے مقرر کیا ہے. |
| 07:57 | امیج کا سائز زیادہ سے زیادہ کتنا بڑا ہونا چاہئے اور امیج کا سائز کم سے کم کتنا چھوٹا ہونا چاہئے. |
| 08:03 | خاص کر Minimum Image resolution بہت ہی اہم ہے. |
| 08:08 | یہ فیلڈز زیادہ سے زیادہ بڑی امیج سائز سے چھوٹا نہیں ہونا چاہئے جسے آپ ظاہر کرنا چاہتے ہیں. |
| 08:14 | یہ Drupal کو اصل امیج کا حد سے تجاوز کرنے اور انہیں pixilated کرنے سے بچائے گا. |

| | |
|---|---|
| 08:21 | آپ Maximum Image resolution کو 1000 x 1000 مقرر کریں |
| 08:26 | آپ Minimum Image resolution کو 100 x 100 مقرر کریں. |
| 08:31 | پھر Maximum upload size 80 kb رکھیں. |
| 08:36 | Drupal امیج کو 1000 by 1000 سائز میں شرنک کرے گا یعنی سکیڑے گا اور اسے 80 kilo bytes بنائے گا. |
| 08:44 | اور اگر نہیں کر سکتا تو Drupal امیج کو مسترد کرے گا. |
| 08:48 | یہ اچھا رہے گا کہ ہم اسے 600 by 600 pixels کریں، جو کہ ایک مناسب سائز ہے. |
| 08:56 | ہم Enable Alt field اور Alt field required چیک بکس کو چیک کریں گے. |
| 09:02 | پھر Save settings پر کلک کریں. |
| 09:05 | اب ہمارے پاس اپنے Content type کے لئے Event Logo فیلڈ ہے. |
| 09:09 | Add field پر کلک کر کے ایک اور فیلڈ شامل کریں. |
| 09:12 | Add a new field ڈراپ ڈاؤن میں، Link کو منتخب کریں۔ Label field میں، Event Website ٹائپ کریں. |
| 09:22 | Save and continue. پر کلک کریں. |
| 09:25 | فوراہی، ہمیں Allowed number of values کی وضاحت کرنے کا اشارہ دیا جاتا ہے . ہم اس کو 1 ویلیو دیں گے. |
| 09:34 | Save Field Setting پر کلک کریں . ایک بار پھر یہ سکرین ہمیں ہمارے Link field کے لئے contextual سیٹنگس دے گا. |
| 09:43 | Allowed Link type کے ذیل میں ہمارے پاس آپشنس ہیں |
| | Internal links only، |
| | External links only اور Both internal and external links |
| 09:54 | اب، ہم وضاحت کر سکتے ہیں کہ کیا ہم Allow link text کو Disabled، Optional یا Required بنا رہے ہیں. |
| 10:04 | اب کے لئے ہم اسے Optional ہی رکھتے ہیں اور دیکھتے ہیں کہ یہ کس طرح کام کرتا ہے. |

| | |
|---|---|
| آ گے بڑھیں اور Save settings پر کلک کریں . پھر Add field پر کلک کریں. | 10:09 |
| اس بار ہم Date field چنیں گے. | 10:15 |
| Label میں Event Date ٹائپ کریں. | 10:20 |
| Save and continue. پر کلک کریں. | 10:24 |
| اب کے لئے ہم 1 value ہی رکھیں گے۔ Date type ڈراپ ڈاؤن میں Date only آپشن منتخب کریں. | 10:26 |
| Save field settings. پر کلک کریں . پھر سے ہمیں contextual سیٹنگس کا پیج ملتا ہے. | 10:34 |
| یہاں، Default date کو Current date میں تبدیل کریں. | 10:43 |
| Save settings. پر کلک کریں. | 10:47 |
| اب یہاں شامل کرنے کے لئے ہمارے پاس دو اور فیلڈس ہیں لیکن ہم انہیں ابھی نہیں جوڑ سکتے. | 10:49 |
| ہم انہیں آنے والے ٹیوٹوریلس میں دیکھیں گے .اسی کے ساتھ ہم ٹیوٹورل کے اختتام پر پہنچ گئے ہیں. | 10:55 |
| مختصر میں، اس ٹیوٹوریل میں ہم نے نئے Content type کو بنانا اور Content type کے لئے فیلڈس کو شامل کرنے کے بارے میں سیکھا. | 11:03 |
| یہ ویڈیو Acquia اور OSTraining سے اخذ کیا گیا ہے اور اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ، آئی آئی ٹی ممبئی کی طرف سے اسکی نظرثانی کی گئی ہے. | 11:28 |
| مندرجہ ذیل لنک پر ویڈیو، اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ کا خلاصہ کرتا ہے .ڈاؤن لوڈ کریں اور دیکھیں | 11:39 |
| اسپوکن ٹیوٹوریل کی پروجیکٹ ٹیم ورکشاپس کا انعقاد کرتی اور اسناد دیتی ہے .مزید تفصیلات کے لئے، ہمیں لکھیں. | 11:46 |
| اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ کی مالی معاونت NMEICT، وزارت انسانی وسائل کی ترقی اور NVLI، بھارت کی وزارتِ ثقافت، حکومت ہند کرتی ہے | 11:55 |
| اس سکرپٹ کا ترجمہ اور صدابندی میں نے یعنی وجاحت احمد نے کی ہے، شامل ہونے کیلئے آپکا شکریہ | 12:09 |